سوال

(292) نمازِ عصر اوّل وقت میں پڑھنا اور اعادہ نہ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارے حنفی بھائی خاص کر نمازِ عصر کو دھوپ زرد پڑ چکنے کے بعد بہت دیر سے پڑھتے ہیں: (صلوٰۃ الرسول، ص:۱۴۶) مؤلفہ مولانا صادق سیالکوٹی، میں مذکور مسلم شریف کی ایک حدیث شریف کے مطابق ہم اپنی نماز عصر اوّل وقت پر پڑھ کر پھر جا کر اُن کے ساتھ جماعت میں شامل ہوجاتے ہیں اس بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں؟ مزید یہ کہ اگر اُن کے ساتھ دوبارہ نہ پڑھیں تو کوئی حرج تو نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ حضرات عصر کی نماز اوّل وقت ادا کر لیا کریں۔ دوبارہ حنفیوں کے ساتھ اعادہ مت کریں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 288

محدث فتویٰ